MANCHESTER
1824
The University of Manchester





# اردو بولنے والوں کیلیے ڈیمنشیا میمری سروس تک رسائی آسان کرنا۔

## دیکھ بھال کرنے والوں کے انٹرویوز

Centre for Primary Care and Health Services Research,
University of Manchester

## 1- آپ کو اس تحقیق میں حصہ لینے کی دعوت دی جاری ہے۔

آپ کے ایک یا دو انٹرویوز ہوں گے آمنے سامنے، فون پر، یا کمپیوٹر پر (زوم یا ٹیمز)۔

اس میں شمولیت کا فیصلہ کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ آپ کو پتہ ہو کہ یہ تحقیق کیوں کی جارہی ہے اور اس میں کیا کیا ہو گا۔

براہ مہربانی معلومات کو غور سے پڑھیئے۔ اگر آپ مزید جاننا چاہتے ہیں یا آپ کے پاس کوئی سوال ہیں تو ہم سے رابطہ کیجیئے۔

**اس معلوماتی صفحہ کو سننے کیلیے یہ کوڈ سکین کیجیئے۔**

QR CODE WILL GO HERE

MRC Medical Research Council

#DOMEProject

ڈوم پروجیکٹ

## 2-اس تحقیق کا کیا مقصد ہے؟

ہم آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں اگر آپ کسی کی دیکھ بھال کرتے ہیں جو اردو بولتے ہیں اور جن کو ڈیمنشیا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ میمری سروس میں ان کے ساتھ تھے جب ان کا ٹیسٹ ہوا تھا اور ان کو ڈیمنشیا کی تشخیص ہوئی۔ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ شمال مغربی میں رہتے ہو۔



ہم آپ کے میمری سروس کے تجربات کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں: کیا ہوا، کیا مسائل پیش آئے، کیا اچھا تھا اور کیا اچھا نہیں تھا۔



یہ ہماری مدد کرے گا میمری سروسس کے مسائل کو سمجھنے میں تا کہ ہم ان سروسس کو اردو بولنے والوں کیلیے بہتر کر سکیں۔

## 3-مجھے کیوں چنا گیا ہے؟

>آپ جنوبی ایشیائی ہیں۔

>آپ اردو یا انگریزی بول سکتے ہیں۔

>آپ شمال مغربی سے ہیں۔

>آپ کی عمر اٹھارہ سال سے زیادہ ہے۔

>آپ کسی کی دیکھ بھال کرتے ہیں جو اردو بولتے ہیں اور جن کو ڈیمنشیا ہے۔آپ ان کے سات تھے جب ان کو ڈیمنشیا کی تشخیص ملی تھی میمری سروس سے پچھلے پانچ سال میں۔

## 4-کیا میرا شامل ہونا ضروری ہے؟

نہیں۔یہ آپ کا اپنا فیصلہ ہے۔آپ کے (یا جن کا آپ خیال رکھ رہے ہیں) دیکھ بھال کے معیار پہ اس کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

## 5-اگر میں شامل ہونا چاہوں تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟

آپ کی مرضی کے مطابق ایک یا دو انٹرویوز میں حصہ لینا ہوگا۔یہ آپ کی مرضی ہوگی۔ہر انٹرویو ایک گھنٹہ تک کا ہوگا۔انٹرویوز:

>آپ کے گھر میں آمنے سامنے ہو سکتے ہیں۔

>کسی کمیونٹی کی جگہ پہ مل کر۔

>فون پر

>کمپیوٹر پر، زوم یا ٹیمز کے ساتھ۔

صرف آپ کی آواز کو ریکارڈ کیا جائے گا۔دن اور وقت کا فیصلہ آپ خود کر سکیں گے۔ہم انٹرویوز کو فون یا ای میل پر شیڈول کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ متفق ہیں تو آپ کو ہمیں یہ معلومات دینی ہو گی:

<جنس

<پیدائش کی تاریخ

<مذہب

<ازدواجی حیثیت

<پیدائش کا ملک

<نسل

<ملازمت کا درجہ

<اندازاً گھریلو آمدنی

<مادری زبان

<دوسری زبانیں

<تعلیم کا موضوع

<آپ برطانیہ میں کس سال سے رہ رہے ہیں

<دیکھ بھال کرنا

<آپ کا گھریلو

<میمری سروس جہاں سے تشخیص ملی تھی

اگر آپ کو یہ معلومات نہیں دینا آپ پھر بھی انٹرویوز کر سکتے ہیں۔

ہمیں آپ کی ای میل یا گھر کا پتہ چاہیئے ہو گا تا کہ ہم آپ کو کچھ فارم بھرنے کیلیے بھیج سکیں، معاوضہ کیلیے گفٹ کارڈ بھیج سکیں، اور آپ کو تحقیق کے نتائج بتانے کیلیے اگر آپ چاہیں تو۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے جی پی کو بھی بتائیں تو ہمیں کچھ مزید معلومات چاہیئے ہوں گی:

<تاریخ پیدائش

<جی پی کا نام

<جی پی کا پتہ



## 6- تحقیق میں حصہ لینے کا کیا فائدہ ہو گا؟

اس تحقیق میں حصہ لینے کیلیے آپ کا شکریہ ادا کرنے کیلیے ہم آپ کو ایک گفٹ کارڈ دئے گے۔ اگر آپ ایک انٹرویو کرتے ہیں آپ کو پندرہ پاؤنڈ کا گفٹ کارڈ ملے گا۔ اگر آپ دو انٹرویوز کرتے ہیں تو آپ کو تیس پاؤنڈ کا گفٹ کارڈ ملے گا۔ یہ گفٹ کارڈ ان جگوں پر استعمال ہو سکتا ہے:

آپ ان میں سے چن سکتے ہیں اور ہم آپ کو اپنی چنی ہوئی جگہ کا گفٹ کارڈ ای میل کر سکتے ہیں یا ہم آپ کو اپنے گھر کے پتہ پر بھیج سکتے ہیں۔

## 7- تحقیق میں حصہ لینے کے کیا خطرے ہیں؟

انٹرویو میں کچھ نازک سوال پوچھے جا سکتے ہیں جو آپ کو پریشان کر سکتے ہیں۔ آپ کیلیے یہ جاننا> ضروری ہے کہ اگر آپ چاہیں تو آپ جواب دینے سے انکار کر سکتے ہیں۔

>آپ جب چاہیں انٹرویو میں وقفہ لے سکتے ہیں۔

>آپ انٹرویو کو کسی بھی وقت دوبارہ شیڈول کر سکتے ہیں۔

>آپ انٹرویو مکمل طور پر روک سکتے ہیں کسی بھی وقت۔

>آپ کسی بھی وقت تحقیق کو چھوڑ سکتے ہیں۔



## اگر آپ چاہیں تو انٹرویو سے پہلے آپ ریسرچر کے ساتھ ایک دفع فون پر بات کر سکتے ہیں۔

آپ اس کال پر ریسرچر کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں، اور یہ بھی پوچھ سکتے ہیں کہ یہ تحقیق کیوں کر رہے ہیں۔ کال پر آپ کوئی بھی سوال پوچھ سکتے ہیں۔

## 8-اگر میں حصہ نہیں لینا چاہوں یا میرا ذھن بدل جائے تو کیا ہو گا؟

آپ کسی وقت بھی اس تحقیق کو چھوڑ سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو ہم آپ کی معلومات استعمال نہیں کریں گے اور ہم اس کو ضائع کر دیں گے۔

## 9-کیا میرا اس تحقیق میں شامل ہونا راز میں رکھا جائے گا؟

جی۔ آپ کی ساری معلومات راز میں رکھی جائے گی۔ اس کا مطلب ہے کے یہ کسی اور کو نہیں دی جائے گی اگر ان کو اجازت نہیں دی گئی۔

آپ کی معلومات یونیورسٹی اف مانچسٹر میں محفوظ طریقے سے رکھی جائے گی اور آپ کا نام ہٹا دیا جائے گا۔ نام کی جگہ ایک نمبر استعمال کیا جائے گا۔



## 10-اس تحقیق کا اہتمام اور ادائیگی کون کر رہا ہے؟

اس تحقیق کا اہتمام یونیورسٹی اف مانچسٹر کر رہی ہے۔

اس تحقیق کی ادائیگی میڈیکل ریسرچ کونسل کر رہی ہے۔

اس تحقیق کو یونیورسٹی اف مانچسٹر تحقیقی اخلاقیات کمیٹی نے منظور کیا ہے۔

## 11-اس تحقیق کے نتائج کے ساتھ کیا ہو گا؟

اس تحقیق کے نتائج تعلیمی کتابوں، رپورٹس اور سائنسی رسالوں میں شائع کیے جائیں گے۔

یہ نتائج کانفرنس میں پیش کیے جا سکتے ہیں۔

آپ کو ان میں سے پہچانا نہیں جائے گا۔ ہم ہر دفا نمبر استعمال کریں گے۔

## 12-اگر مجھے اور معلومات کی ضرورت ہو یا کوئی مسلہ ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

اگر آپ کو اور معلومات چاہیئے یا آپ کے کوئی سوال ہیں تو ریسرچر سے رابطہ کیجئے:




ریسرچر: نعدین مرزا

Email: nadine.mirza@manchester.ac.uk
Phone: 0773 239 5882


اگر آپ کی کوئی چھوٹی شکایت ہو تو ان سے رابطہ کیجیئے:


سوپر وائزر پروفیسر پیٹر باور

Email: peter.bower@manchester.ac.uk
Phone: 0161 275 7683


اگر آپ کے پاس کوئی باقائدہ شکایت ہو تو یہاں رابطہ کیجیئے:


تحقیقی اخلاقیات مینیجر

Email: research.complaints@manchester.ac.uk
Phone: 0161 275 2674


اگر آپ شامل ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں تو براہ مہربانی رضامندی فارم پر دستخط کیجیئے۔
اگر آپ یہ نہیں کر سکتے ہیں تو ہم آپ کی آواز کی ریکارڈنگ سے لے سکتے ہیں۔
براہ مہربانی اس تحقیق میں شامل ہونے کا فیصکہ کرنے سے پہلے وقت لیجیے۔

اس تحقیق کے بارے میں پڑھنے کا بہت شکریہ۔

## :اپنی رازداری کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلیے پڑھتے رہیئے

## آپ کی رازداری

قانون کہتا ہے کہ آپ کی معلومات جمع کرنے کیلیے ہمارے پاس ایک قانونی وجہ ہونی چاہیئے۔

:ہم آپ کی معلومات دو قانونی وجوہات کیلیے جمع کرتے ہیں

ایک کام جو عوام کے مفادات کیلیے کیا جائے۔

سائنسی تحقیق کیلیے ضروری عمل۔

یونیورسٹی اف مانچسٹر اس تحقیق کا ڈیٹا کنٹرولر ہوگا۔

اس کا مطلب ہے کہ یونیورسٹی اف مانچسٹر کی ذمہ داری ہے کے آپ کی معلومات کو محفوظ اور خفیہ رکھا جائے گا اور صرف اس طریقے میں استعمال ہوگی جو ریسرچر آپ کو بتائے گا۔

آپ کی معلومات کو اتنا خفیہ رکھا جائے گا جتنا ممکن ہوگا۔اس کا مطلب ہے کہ ہم وہ ساری ذاتی معلومات ہٹا دیں گے جس سے آپ کو پہچانا جا سکے گا۔

باقی معلومات کو پانچ سال تک رکھا جائے گا۔

آپ کی گمنام معلومات کو باقی یونیورسٹی اف مانچسٹر ریسرچرز کے ساتھ بانٹنا جا سکتا ہے۔

یہ ریسرچرز ڈیمنشیا پر تحقیق کر رہے ہیں۔ان کو نہیں بتایا جائے گا کہ آپ کون ہیں۔

اگر کوئی آپ کی یہ معلومات استعمال کرنا چاہے تو انہیں اخلاقی منظوری لینی ہوگی۔

آپ اپنی معلومات کی رازداری کے بارے میں مزید جاننے کیلیے منسلک یونیورسٹی کے رازداری نوٹس کو پڑھیئے۔

## کورونا وائرس پالیسی کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلیے پڑھتے رہیئے

# کورونا وائرس پالیسی

کورونا وائرس کی وجہ سے ہمیں تحقیق کرنے کا طریقہ تبدیل کرنا پڑا تاکہ یہ حکومتی قوانین پر عمل کرے۔

اس تحقیق میں حصہ لینے کا فیصلہ سے پہلے آپ کو تمام معلومات پڑھنی چاہئیں۔ اگر آپ حصہ نہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو براہ مہربانی ریسرچر کو بتادیں۔ اگر آپ کے کوئی سوال ہیں تو براہ مہربانی ریسرچر سے پوچھیں۔

اگر آپ کا انٹرویو مل کر ہوا تو یہ آپ کے گھر پر ہوگا یا کسی کمیونٹی کی جگہ پہ۔ اس میں وائرس کا خطرہ ہے۔

اس کے بجائے آپ فون پر یا کمپیوٹر پر اپنا انٹرویو کر سکتے ہیں۔

اگر آپ پھر بھی انٹرویو آمنے سامنے کرنا چاہتے ہیں تو:

آپ ماسک پہن سکتے ہیں۔

ریسرچر آپ سے پوچھے گی کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ وہ ماسک پہنیں۔

ریسرچر ایک دن پہلے کورونا وائرس کا ٹیسٹ لیں گی۔

ریسرچر ماسکس اور سینیٹائزر اپنے ساتھ لائے گی۔

ریسرچر انٹرویو سے پہلے اپنے ہاتھ کو سینیٹائزر کے ساتھ صاف کرے گی۔

ریسرچر انٹرویو سے پہلے ریکارڈر کو سینیٹائزر کے ساتھ صاف کرے گی۔

اگر آپ کو کورونا وائرس سے بہت خطرہ ہے یا آپ میں کورونا وائرس کے نشانیاں ہیں تو آپ کو آمنے سامنے انٹرویو نہیں کرنا چاہئے۔

اگر حکومتی قوانین بدل جاتے ہیں آپ کے انٹرویو میں تاخیر ہو سکتی ہے یا ہمیں فون یا کمپیوٹر پر کرنا پڑے۔